پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

# ٹیکنالوجی

# دنیا بھر میں 24% جوابدہندگان کے مقابلے میں نصف سے زائد (51%) پاکستانیوں کے مطابق جب وہ اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکٹھا کرنے والی اپلیکشن کے ساتھ شئیر کرتے ہیں تو وہ اس بات سے لاعلم ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔

**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،**

(اسلام آباد)، 02 جون، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، دنیا بھر میں 24% جوابدہندگان کے مقابلے میں نصف سے زائد (51%) پاکستانیوں کے مطابق جب وہ اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکٹھا کرنے والی اپلیکشن کے ساتھ شئیر کرتے ہیں تو وہ اس بات سے لاعلم ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ ہر براعظم میں مارکیٹ ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 39 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 33,236 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ ٹیکنالوجی کے عالمی دن کے موقع پر WIN نے سروے کے تازہ ترین نتائج شائع کیے ہیں تاکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اپنی ذاتی معلومات شئیر کرنے کے حوالے سے خدشات کو سمجھا جاسکے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 15 اکتوبر سے 18 دسمبر 2021 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 1000 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سروے میں دنیا بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" جب میں اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکٹھا کرنے والی اپلیکشن کے ساتھ شئیر کرتا/ کرتی ہوں تو میں واقف ہوتا/ ہوتی ہوں کہ میری ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟ "۔** پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 51% جوابدہندگان کے مطابق جب وہ اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکٹھا کرنے والی اپلیکشن کے ساتھ شئیر کرتے ہیں تو وہ اس بات سے ناواقف ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے، 14% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے نہ ہی واقف اور نہ ہی ناواقف ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے، جبکہ 35% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے واقف ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔

**" جب میں اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکٹھا کرنے والی اپلیکشن کے ساتھ شئیر کرتا/ کرتی ہوں تو میں واقف ہوتا/ ہوتی ہوں کہ میری ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ممالک کے اعتبار سے نتائج:

شئیر کی جانے والی ذاتی معلومات کے حوالے سے آگاہی رکھنے والوں کی شرح سب سے زیادہ چین (71%) اور بھارت (51%) میں پائی گئی، جبکہ کینیا (39%) اور امریکا (33%) میں اس حوالے سے شرح سب سے کم رہی۔

**ممالک کے اعتبار سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

*اپینڈکس میں ممالک کی مکمل فہرست اور اُن کے نتائج دیے گئے ہیں۔

## جنس کے اعتبار سے نتائج:

عالمی سطح پر 42% مرد حضرات اور 44% خواتین کے مطابق اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکھٹا کرنے والی اپلیکیشن کے ساتھ شئیر کرتے وقت وہ اس بات سے نہ ہی واقف اور نہ ہی نا واقف ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔ تاہم 34%، مرد حضرات اور 32% خواتین کے مطابق اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکھٹا کرنے والی اپلیکیشن کے ساتھ شئیر کرتے وقت وہ اس بات سے واقف ہوتے ہیں کہ اُن کی ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## اپینڈکس:

**سوال: "ڈیجیٹل ذرائع کے ذریعے شیئر کی جانے والی معلومات کی پرائیویسی۔ جب میں اپنی ذاتی معلومات ڈیٹا اکھٹا کرنے والی اپلیکشن کے ساتھ شیئر کرتا/ کرتی ہوں تو میں واقف ہوتا/ ہوتی ہوں کہ میری ذاتی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے"**

**کل آبادی میں سے %**




*معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 15 اکتوبر 2021 تا 18 دسمبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN

WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, June 2, 2022**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)